Write your name here

| Surname | Other names |
|---|---|
| | |

# Edexcel GCE

Centre Number | Candidate Number

# Urdu

## Advanced Subsidiary
## Unit 2: Understanding and Written Response

Tuesday 17 May 2011 – Afternoon
**Time: 2 hours 30 minutes**

Paper Reference
**6UR02/01**

**You must have:**
Listening equipment
CD/mp3

Total Marks

## Instructions

- Use **black** ink or ball-point pen.
- **Fill in the boxes** at the top of this page with your name, centre number and candidate number.
- Answer **all** questions.
- Answer the questions in the spaces provided – *there may be more space than you need.*
- You **must** begin with Section A: Listening, and complete this section within 45 minutes. You must **not** replay the recording after the first 45 minutes of the test.
- You must **not** use a dictionary.

## Information

- The paper is divided into 3 sections.
- The total mark for this paper is 70.
- The marks for **each** question are shown in brackets – *use this as a guide as to how much time to spend on each question.*
- Section B of this paper features a question that requires responses in English – *in order to convey these clearly, please ensure that you write legibly and check your spelling, punctuation and grammar.*

## Advice

- Read each question carefully before you start to answer it.
- Keep an eye on the time.
- Try to answer every question.
- Check your answers if you have time at the end.

*Turn over* ▸



©2011 Edexcel Limited.
1/1/1/1/

edexcel
advancing learning, changing lives

**SECTION A: LISTENING**

وقت کے لحاظ سے اقتباسات کی لمبائی کا اندازہ درج ذیل ہے :

| | | |
|---|---|---|
| اقتباس نمبر 1: | 0 منٹ | 44 سیکنڈ |
| اقتباس نمبر 2: | 0 منٹ | 55 سیکنڈ |
| اقتباس نمبر 3: | 0 منٹ | 50 سیکنڈ |
| اقتباس نمبر 4: | 1 منٹ | 26 سیکنڈ |

امتحان کے دوران آپ ریکارڈنگ کو جب چاہیں جہاں سے چاہیں اور جتنی بار چاہیں سن سکتے ہیں۔ آپ چاہیں تو ضروری باتیں علیحدہ کاغذ پر لکھ سکتے ہیں۔

سوال نمبر 1:

اقتباس کو غور سے سنیے اور اس کی روشنی میں درج ذیل بیانات میں سے صحیح بیانات کے سامنے ☒ نشان لگائیے۔

(i) عالیہ اور مریم کے:

| | |
|---|---|
| **A** امتحان ہونے والے ہیں۔ | ☒ |
| **B** امتحان ہو رہے ہیں ۔ | ☒ |
| **C** امتحان ختم ہو چکے ہیں۔ | ☒ |

(ii) مریم:

| | |
|---|---|
| **A** دن میں پڑھائی نہیں کر سکتی۔ | ☒ |
| **B** رات میں پڑھائی نہیں کر سکتی ۔ | ☒ |
| **C** ہر وقت پڑھائی کر سکتی ہے۔ | ☒ |

(iii) عالیہ کی چھوٹی بہن:

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** اکیلے کمرے میں سونا پسند کرتی ہے۔ |
| ☒ | **B** روشنی میں سونا پسند کرتی ہے۔ |
| ☒ | **C** اندھیرے میں سونا پسند کرتی ہے۔ |

(iv) عالیہ کے گھر مہمان:

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** چند ہفتوں کے لئے ٹھہریں گے۔ |
| ☒ | **B** چند مہینوں کے لئے ٹھہریں گے۔ |
| ☒ | **C** چند دنوں کے لئے ٹھہریں گے۔ |

**(Total for Question 1 = 4 marks)**

**BLANK PAGE**

سوال نمبر 2:

اقتباس سن کر مندرجہ ذیل بیانات میں سے صرف چار صحیح بیانات پر ☒ نشان لگائیے۔

| | | |
|---|---|---|
| A | صرف وہی پروگرام ریکارڈ کیا جاسکتا ہے جسے آپ دیکھ رہے ہوں۔ | ☒ |
| B | ٹی وی پر ہر قسم کے پروگرام دیکھے جاسکتے ہیں۔ | ☒ |
| C | ٹی وی پروگرام صرف بارہ بجے رات تک چلتے ہیں۔ | ☒ |
| D | ریکارڈنگ کے دوران اس پروگرام کو دیکھنا ضروری نہیں۔ | ☒ |
| E | نوجوان نسل کے لیے بہت سے چینل ہیں۔ | ☒ |
| F | موسیقی اور فیشن کے پروگرام کسی وقت بھی دیکھے جاسکتے ہیں۔ | ☒ |
| G | بچوں کے لئے ایک بھی چینل نہیں ہے۔ | ☒ |
| H | لوگ ملنے جلنے کے بجائے ٹی وی دیکھنا پسند کرتے ہیں۔ | ☒ |

**(Total for Question 2 = 4 marks)**

سوال نمبر 3:

نیچے دیے گئے اردو الفاظ کے ساتھ لکھے ہوئے انگریزی حروف سے خالی جگہوں کو پر کیجیے۔

(i) اب فلم اسٹار، اداکاری کے ☐ کپڑے بھی ڈیزائین کرتے ہیں۔

(ii) اسی طرح گلوکار اور کھلاڑی بھی اس میدان میں ☐ نہیں رہے۔

(iii) تقریبات میں ان کے ڈیزائن کیے ہوئے کپڑے بہت ☐ ہیں۔

(iv) پرانے ڈیزائنروں کے لئے ☐ ہوگا کہ وہ یہ کاروبار چھوڑ کر

گانے گائیں اور یا اداکار بن جائیں۔

| | |
|---|---|
| A | بدنام |
| B | آگے |
| C | مقبول |
| D | پیچھے |
| E | لیے |
| F | بہتر |
| G | علاوہ |
| H | غلط |

**(Total for Question 3 = 4 marks)**



P 3 9 0 3 6 R A 0 6 2 0

سوال نمبر 4:

بات چیت کو سن کر نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات اردو میں لکھیے ۔

(a) فرح ڈائٹنگ کے بارے میں کیا کہتی ہے؟ (دو باتیں لکھیے) **(2)**

..............................................................................................................................................

..............................................................................................................................................

(b) حسن ہر روز کیا کھانے کا مشورہ دیتا ہے؟ **(1)**

..............................................................................................................................................

(c) اگر تازہ نہ ملیں تو کس طرح کے پھل اور سبزیاں کھائیں؟ (دو باتیں لکھیے) **(2)**

..............................................................................................................................................

..............................................................................................................................................

(d) تازہ پھلوں میں کیا خاص بات ہوتی ہے؟ **(1)**

..............................................................................................................................................

(e) کم پکے ہوئے پھل خریدنے کا کیا فائدہ ہے؟ **(1)**

..............................................................................................................................................

(f) فرح کے لئے کیا کرنا مشکل ہے؟ **(1)**

..............................................................................................................................................

**(Total for Question 4 = 8 marks)**

**TOTAL FOR SECTION A = 20 MARKS**

## SECTION B: READING

اقتباس نمبر 5:

نیچے دیے گئے بیانات کو پڑھ کر دوسرے صفحے پر درج سوالوں کے جواب دیجیے۔

عالیہ: موبائل فون رابطے کا ایک اہم ذریعہ بن چکا ہے۔ ہم جب چاہیں اور جہاں چاہیں، اپنے دوستوں یا رشتہ داروں کو فون کر سکتے ہیں۔ کچھ لوگ موبائل فون کے بغیر گھر سے باہر قدم نہیں رکھتے۔ وہ چھوٹے سے کام کے لیے بھی موبائل فون کا سہارا لیتے ہیں اور اس کے اتنے عادی ہو گئے ہیں کہ اگر ان کا فون خراب ہو جائے یا کھو جائے تو ان کے سارے کام رک جاتے ہیں۔

حسن: اب موبائل فون مشغلے کے طور پر زیادہ استعمال کیا جاتا ہے کیونکہ ایک ہی فون میں اتنی چیزیں مل جاتی ہیں کہ جب چاہیں تصویر بنا لیں یا چھوٹی سی ویڈیو فلم، اپنی پسند کی موسیقی لگا لیں یا گانے کے کچھ بول۔ اگر چاہیں تو ریڈیو سن لیں یا پھر گیمز بھی کھیل لیں۔

مریم: اگر ضرورت کو ضرورت کی حد تک رکھا جائے تو زیادہ آسانی ہوتی ہے۔ آج کل مارکیٹ میں جس تیزی سے نت نئے ڈیزائن کے موبائل فون آ رہے ہیں اس سے تو یہی اندازہ ہوتا ہے کہ لوگ فون کو بھی فیشن کی طرح بدلتے رہتے ہیں۔ اپنے شوق کی خاطر مہنگا فون خریدنا صرف پیسوں کی بربادی ہے۔

فراز: کئی لوگوں کا روزگار موبائل فون سے جڑا ہوا ہے کیونکہ ان کا کام فون پر مختلف شعبوں کے لوگوں سے رابطہ کرنا اور اپنی کمپنی کے لیے زیادہ سے زیادہ گاہک بنانا ہے۔ بہت سے کاروباری کام موبائل فون پر کیے جاتے ہیں۔ بعض حالات میں چھٹیوں کے دوران بھی فون پر کاروبار جاری رہتا ہے۔

سوال نمبر 5:

کس نے کیا کہا؟ سامنے دیے گئے اقتباسات کو پڑھ کر صحیح نام کے آگے ☒ نشان لگائیے۔
ایک نام دو مرتبہ بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

| | A<br>عالیہ | B<br>حسن | C<br>مریم | D<br>فراز |
|---|---|---|---|---|
| (i) قیمتی موبائل فون خریدنا پیسے ضائع کرنا ہے۔ | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |
| (ii) کچھ لوگوں کی زندگی پر موبائل فون چھا گیا ہے۔ | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |
| (iii) بہت سے کاروباری کام فون پر کیے جا سکتے ہیں۔ | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |
| (iv) اب ملنے جلنے والوں سے فون پر رابطہ کسی بھی وقت ہو سکتا ہے۔ | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |
| (v) موبائل فون سے کیمرے کا کام بھی لیا جاتا ہے۔ | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |

**(Total for Question 5 = 5 marks)**

**BLANK PAGE**

اقتباس نمبر 6:

Read the passage and answer the questions below **in English** basing your answer exclusively on the information given in the passage.

ہم آپ کو انٹرنیٹ کے ذریعہ پیسے کمانے کا ایک بہت آسان طریقہ بتا رہے ہیں اس کے لیے آپ کو ایک سروے میں حصہ لینا ہوگا، جس کے ذریعہ آپ ہزاروں روپے کما سکتے ہیں۔ کام بہت آسان ہے۔ سب سے پہلے تو آپ کو ایک سوال نامہ مکمل کرنا ہوگا جس میں آپ کو اپنی ذاتی تفصیلات دینی ہوں گی۔ کبھی کبھی آپ کو سروے میں حصہ لینے کی دعوت دی جائے گی جس میں آپ کو ہماری مصنوعات کے بارے میں اپنی رائے اور کچھ سوالوں کے جواب دینے ہوں گے۔

کام کرنے کا یہ طریقہ بہت آسان ہے۔ ایک تو یہ ضروری نہیں کہ آپ ہر سروے میں حصہ لیں، دوسرے یہ کہ آپ یہ کام اپنی مرضی سے جب چاہیں کر سکتے ہیں۔

ہم نے ایک کتابچہ شائع کیا ہے جس کی قیمت صرف دو سو روپے ہے۔ اس میں وہ ساری معلومات دی گئی ہیں جن سے آپ کو سروے میں حصہ لینے میں مدد ملے گی۔

**6** (a) How much does the article claim can be earned by taking part in surveys? **(1)**

....................................................................................................................................................

(b) What information must you provide to get started? **(1)**

....................................................................................................................................................

(c) What will you be required to give your views about? **(1)**

....................................................................................................................................................

(d) Why is this method of earning money said to be convenient? Give **one** reason. **(1)**

....................................................................................................................................................

(e) What information is contained in the booklet? **(1)**

....................................................................................................................................................

**(Total for Question 6 = 5 marks)**

اقتباس نمبر 7:

میرا نام حسن ہے۔ میں نومبر کی سخت سردی میں صبح سویرے اپنے دوست علی کے ساتھ لاہور پہنچا۔ یہ میری لاہور میں دوسری دفعہ آمد تھی پہلی مرتبہ بہت بچپن میں آنا ہوا تھا اس لیے اس شہر کی کوئی صاف تصویر میرے ذہن میں نہیں تھی۔ علی، اردو اور پنجابی روانی سے بول سکتا ہے اور میری تو اردو بھی ملک سے باہر رہ کر بگڑ چکی ہے۔

دن بھر کے سفر کے بعد صبح چار بجے ہماری کوچ لاہور کی سرحدوں میں داخل ہوئی۔ حقیقتاً یہ چوبیس گھنٹے کیسے گزر گئے پتہ بھی نہ چلا۔ راستے بھر ہم دونوں باتیں کرتے رہے اور گزرنے والے مقامات کو شوق سے دیکھتے رہے۔ میری تو شاید کچھ گھنٹوں کے لئے آنکھ لگ گئی تھی لیکن علی کو سفر کے دوران نیند نہ آنے کی شکایت ہے۔ اسے ہر سفر کے بارے میں نہ صرف اپنے تاثرات لکھنے کا شوق ہے بلکہ وہ ہم سفروں کی رائے جاننا بھی ضروری سمجھتا ہے۔ مجھے لوگوں سے غیر ضروری باتیں کرنا پسند نہیں، اس لیے میری آنکھ لگتے ہی اس نے مسافروں سے باتیں شروع کر دیں۔

ہوٹل پہنچے، کمرہ اچھا تھا اور بستر آرام دہ۔ علی تو لیٹتے ہی سو گیا اور میں کروٹیں بدلتے ہوئے خدا کا شکر ادا کرتا رہا کہ علی کو کوچ میں نیند نہیں آئی ورنہ اس کے خراٹوں سے تو سارے مسافروں کی نیند خراب ہو جاتی۔ کچھ دیر آرام کیا۔ ناشتہ کرنے کے بعد ہم دونوں لاہور کی سیر کو نکل پڑے۔

کہتے ہیں شہر کی خوبصورتی وہاں کے رہنے والوں سے ہوتی ہے اور لاہور کے بارے میں یہ بات بالکل سچ ہے۔ یہاں کے لوگ بڑے خوش اخلاق اور مہربان ہوتے ہیں۔ اگر کوئی مسافر راستہ پوچھ بیٹھے تو لوگ اپنا کام چھوڑ کر نہ صرف راستہ سمجھائیں گے بلکہ اگر ممکن ہو تو ساتھ جا کر چھوڑ بھی آئیں گے۔ یہ بات کسی اور شہر میں دیکھنے کو نہیں ملتی۔ ہم ہوٹل میں تین دن ٹھہرے۔ دن بھر ہم گھومے پھرے۔ رات کو میں اکیلا شہر کی رونق دیکھنے نکل جاتا اور اس طرح علی کی فضول باتوں سے بچ جاتا جو وہ ہر چیز کے بارے میں کرتا ہے۔

سوال نمبر 7:

نیچے دیے گئے متن کے حوالے سے مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات اپنے الفاظ میں اردو میں لکھیے۔

(a) حسن کو لاہور شہر اچھی طرح سے کیوں یاد نہیں ہے؟ **(1)**

.......................................................................................................................................



P39036RA01220

(b) حسن کو اردو کتنی آتی ہے ؟

**(1)**

(c) حسن کا کوچ کا سفر کیسے کٹا؟ دو باتیں لکھیے

**(2)**

(d) علی نے کوچ کے مسافروں سے کب باتیں کیں؟

**(1)**

(e) ہوٹل پہنچ کر حسن کیوں نہیں سو سکا ؟

**(1)**

(f) لاہور کی خوبصورتی کا راز کیا ہے؟

**(1)**

(g) لاہور کے لوگوں کی خوش اخلاقی کن باتوں سے ظاہر ہوتی ہے ؟ دو باتیں لکھیے

**(2)**

(h) علی کی فضول باتوں سے بچنے کے لیے حسن کیا کرتا تھا؟

**(1)**

**(Total for Question 7 = 10 marks)**

**TOTAL FOR SECTION B = 20 MARKS**

## SECTION C: WRITING

اقتباس نمبر 8:

دنیا کے کئی بڑے شہروں میں بڑھتی ہوئی آلودگی ایک بہت بڑا خطرہ بن گئی ہے۔ سڑکوں پر بلا سوچے سمجھے کوڑا پھینک دیا جاتا ہے۔
ہر گلی کوچے میں گندگی نظر آتی ہے۔ ہر کونے میں خالی ڈبوں اور پلاسٹک کی تھیلیوں کا ڈھیر نظر آتا ہے۔
حکومت کو چاہیے اس سلسلے میں مناسب قدم اٹھائے۔

سوال نمبر 8:

اوپر دی گئی اخباری رپورٹ پڑھنے کے بعد آلودگی کے مسئلے پر **200-220** الفاظ میں اردو میں ایک مضمون لکھیے۔
آپ کے مضمون میں درجہ ذیل باتیں شامل ہونی چاہئیں:

- آلودگی کی وجوہات
- آلودگی کی روک تھام میں عوام کا کردار
- آلودگی کی روک تھام میں سکولوں کا کردار
- آلودگی کم کرنے میں حکومتوں کا کردار

........................................

........................................

........................................

........................................



P 3 9 0 3 6 R A 0 1 4 2 0

**(Total for Question 8 = 30 marks)**

**TOTAL FOR SECTION C = 30 MARKS**
**TOTAL FOR PAPER = 70 MARKS**

BLANK PAGE

**BLANK PAGE**



P 3 9 0 3 6 R A 0 1 9 2 0

**BLANK PAGE**